نیشنل بینک آف پاکستان

اظہار دلچسپی

مشاورتی خدمات برائے تیاری انٹر پرائز ڈیٹا ویئر ہاؤس/ ڈیٹا لیک ہاؤس مطلوب ہے

1- تعارف

نیشنل بینک آف پاکستان ملک میں کام کرنے والے بڑے تجارتی بینکوں میں شمار ہوتا ہے۔ بینک ایسے مشاورتی خدمات فراہم کرنے والے اداروں اور ٹیکنالوجی فراہم کنندگان سے اظہار دلچسپی کی درخواست کرتا ہے جو انٹر پرائز ڈیٹا ویئر ہاؤس اور ڈیٹا لیک ہاؤس منصوبے کے لئے ایک جامع حکمت عملی تیار کرنے کی خدمات فراہم کریں۔ یہ حکمت عملی عمل درآمد کے تمام مراحل کا خاکہ، وقت کا تعین، فعالیاتی تقاضوں کی وضاحت اور مجوزہ سوفٹ ویئر اور ابتدائی نوعیت کی ہارڈ ویئر ضرورت کو واضح کرے گی۔

2- مقاصد

انٹر پرائز ڈیٹا ویئر ہاؤس اور ڈیٹا لیک ہاؤس حل کی تیاری کے لئے مشاورتی خدمات حاصل کرنے کے مقاصد درج ذیل ہیں۔

الف۔ **ایک جامع انٹر پرائز ڈیٹا حکمت عملی کی تیاری**۔ ایسی مستقبل بنیاد حکمت عملی مرتب کرنا جو بینک کی کاروباری ترجیحات اور ریگولیٹری تقاضوں سے ہم آہنگ ہو۔ یہ حکمت عملی بینک کی تمام ڈیٹا سرگرمیوں کے لئے مرکزی سمت فراہم کرے گی۔

ب۔ **ٹارگٹ آپریٹنگ ماڈل کی تیاری**۔ مرکزی ڈیٹا اینالیٹکس اینڈ انسائٹس ڈویژن کے لئے موزوں تنظیمی ڈھانچہ، استعداد کار کی حکمت عملی اور گورننس ماڈل کی سفارش کرنا تاکہ ڈیٹا پر مبنی ثقافت فروغ پائے اور بینک اپنے ڈیٹا اثاثوں سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھا سکے۔

ج۔ **بینک بھر کے تقاضوں کا جامع تجزیہ**۔ بینک کے تمام گروپس سے تفصیلی معلومات اور ضروریات اکٹھی کرنا تاکہ ادارے کے مجموعی استعمال کے کیسز، کاروباری ضرورتیں، مشکلات اور مواقع کی نشاندہی اور درجہ بندی کی جاسکے۔

د۔ **مستقبل بنیاد اور قابل توسیع ڈیٹا پلیٹ فارم کے لئے خاکہ**۔ جدید اور مربوط انٹر پرائز ڈیٹا لیک ہاؤس یا ڈیٹا ویئر ہاؤس آرکیٹیکچر کے متعدد آپشنز تیار کرنا تاکہ بینک کی ضروریات کے مطابق کراس فنکشنل ٹیم بہتر انتخاب کر سکے۔ یہ آرکیٹیکچر وسعت، لچک، سکیورٹی اور ایک دوسرے کے ساتھ ہم آہنگی کے اصولوں پر مبنی ہوں اور ریگولیٹری تقاضوں کے مطابق موجودہ اور مستقبل کی تجزیاتی ضروریات پوری کریں۔

ہ۔ **بجٹ کا اعلیٰ سطحی تخمینہ**: عمل پروگرام کیلئے اعلیٰ سطحی بجٹ تخمینہ فراہم کیا جائے جو سافٹ ویئر لائسنسنگ کی متوقع سرمایہ کاری اور ہارڈ ویئر یا کلاؤڈ انفراسٹرکچر کی اعلیٰ سطح کی لاگت کو واضح کرے تاکہ ایگزیکٹو منظوری کے لیے درکار فنڈنگ کا حصول ممکن ہو سکے۔

و۔ **مارکیٹ پلیس مارکنگ اور حکمت عملی کے مواقع کی نشاندہی**۔ صنعت کے بہترین طریقوں کا جائزہ لینے کے لئے مارکیٹ اسٹڈی اور گیپ اینالیسس کرنا۔ نئے رجحانات کی نشاندہی کرنا اور ایسے اضافی استعمال کے کیسز سامنے لانا جو بینک کی مسابقت اور اختراعی صلاحیت کو بڑھا سکیں۔

ز۔ **بنیادی ڈیٹا گورننس کی تیاری**: ڈیٹا کی درستگی، قابل اعتماد ہونے، تحفظ اور پورے ادارے میں مکمل طور پر دستاویزی شکل کو یقینی بنانے کے لیے ڈیٹا کوالٹی مینجمنٹ، میٹا ڈیٹا، لیجنیج اور گورننس سے متعلق مضبوط فریم ورک، معیارات اور پالیسیوں کی سفارشات۔

ح۔ **اعلیٰ اثر رکھنے والے ایڈوانسڈ اینالیٹکس کے استعمال کے کیسز کی نشاندہی**۔ ڈیٹا سائنس اور مصنوعی ذہانت سے متعلق ایسے استعمال کے کیسز تجویز کرنا جو صارف کے تجربے، مدنی مارکیٹنگ، عملی کارکردگی، فراڈ اور رسک مینجمنٹ اور ریگولیٹری تقاضوں میں واضح بہتری پیدا کر سکیں۔

ط۔ **دوسرے مرحلے میں EDW اور EDLH کی خریداری کے لیے ریکوئسٹ فار پروپوزل کی تیاری میں معاونت**: دوسرے مرحلے کیلئے آر ایف پی برائے EDW اور EDLH کی تکنیکل پہلو سے تیاری اور حتمی شکل دینا جو بینک کے اسٹریٹجک مقاصد کے مطابق ہو اور اس مرحلے میں مرتب کیے گئے فعلی اور تکنیکی خاکے کی درست عکاسی کرے۔

ی۔ **وینڈر اور حل کے انتخاب میں معاونت**۔ آر ایف پی میں طے کردہ تقاضوں اور تشخیصی معیاری روشنی میں وینڈر اور مجوزہ حل کا فعالیاتی جائزہ لینا اور بینک کی رہنمائی کرنا۔

ک۔ **عمل درآمد کے دوران اسٹریٹجک مشاورتی معاونت**۔ وینڈر کے ساتھ کئے گئے معاہدے کا فعالیاتی جائزہ لینے میں بینک کی معاونت کرنا اور اس بات کی تصدیق کرنا کہ سسٹم کا فعالیاتی خاکہ بینک کی حکمت عملی، ضروریات اور وینڈر کے خریداری مرحلے میں کئے گئے وعدوں کے مطابق ہے۔

3- اہلیت کا معیار

اظہار دلچسپی کا تجویز درج ذیل معیارات کی بنیاد پر کیا جائے گا۔

#	اہلیت کا معیار	مطلوبات
1	فرم یا کمپنی کی قانونی حیثیت فرم یا کمپنی کا درج ذیل میں سے کسی ایک ادارے کے ساتھ رجسٹرڈ ہونا ضروری ہے۔ ☆ سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان ایس ای سی پی ☆ حکومت پاکستان کا مجاز تسلیم کردہ ادارہ ☆ متعلقہ رجسٹریشن فورم اگر کمپنی بین الاقوامی نوعیت کی ہو	براہ کرم شولیت یا رجسٹریشن کا سرٹیفکیٹ نوٹری پبلک سے تصدیق شدہ نقل کی صورت میں فراہم کریں۔
2	این ٹی این/ ایف ٹی این (بین الاقوامی فرم کی صورت میں مقامی شراکت دار کا پاکستان کی فیڈرل ٹیکس اتھارٹی کے ساتھ رجسٹرڈ ہونا ضروری ہے)۔	رجسٹریشن سرٹیفکیٹ فراہم کریں۔
3	ایف بی آر کی فعال ٹیکس دہندہ کی فہرست پر موجود ہونا لازمی ہے۔	ثبوت فراہم کریں جس سے یہ تصدیق ہو سکے کہ فرم یا کمپنی ایف بی آر کی اکٹم ٹیکس ٹیکس دہندگان کی فعال فہرست میں شامل ہے۔
4	فرم یا کمپنی کا متعلقہ وفاقی اور صوبائی ٹیکسیشن اتھارٹیز کے ساتھ رجسٹرڈ ہونا ضروری ہے (اگر پہلے سے رجسٹرڈ نہیں ہے تو کام ملنے کی صورت میں معاہدے پر دستخط سے قبل رجسٹریشن مکمل کرنا ضروری ہوگا)۔	متعلقہ رجسٹریشن سرٹیفکیٹ فراہم کریں یا فرم یا کمپنی کے لیٹر ہیڈ پر یہ تحریری بیان جمع کرائیں کہ معاہدے پر دستخط سے قبل رجسٹریشن مکمل کر لی جائے گی (اگر پہلے سے رجسٹرڈ نہیں ہے)۔
5	فرم یا کمپنی کے مالیاتی اسٹیٹمنٹ، جو آئی سی اے پی رجسٹرڈ فرم کے ذریعہ درست شدہ ہوں، یا اگر آئی سی اے پی رجسٹرڈ فرم ہو تو ٹیکس ریٹرنز، یا ایس بی پی کی کیٹگری "A" کے تحت فرم یا کمپنی کے چیف فنانشل آفیسر کی تصدیق شدہ مالیاتی بیانات، پچھلے تین سالوں کے لیے جمع کرائے جائیں۔ اس بات کا ثبوت ہونا ضروری ہے کہ کمپنی کی گزشتہ تین سال کی مجموعی آمدنی 500 ملین روپے یا اس سے زیادہ ہو۔	برائے مہربانی گزشتہ تین سال کی آڈیٹڈ فنانشل اسٹیٹمنٹ یا انکم ٹیکس ریٹرنز کی نقل فراہم کریں۔ کمپنی کو پچھلے تین سالوں میں منافع میں کام کر رہی ہونا ضروری ہے۔
6	فرم یا کمپنی کو کم از کم 10 سال تک خدمات کے شعبے میں کام کرنے کا تجربہ ہونا ضروری ہے۔	رجسٹریشن سرٹیفکیٹ
7	اقرار نامہ: فرم یا کمپنی کسی بھی سرکاری، نیم سرکاری، اتھارٹی یا تنظیم کی بلیک لسٹ میں شامل نہ ہو۔	بیان حلفی
8	اطلاعات اور دستخط کی درستگی کے لیے اعلامیہ	بیان حلفی
9	تصدیق کہ بولی دہندہ نے دیوالیہ ہونے کا اعلان نہیں کیا، نہ ہی دیوالیہ پن یا ریسیورشپ کے کسی کارروائی میں ملوث ہے، اور اس کے خلاف کوئی فیصلہ یا زیر التوا قانونی کارروائی موجود نہیں ہے جو مستقبل قریب میں اس کی کاروباری سرگرمیوں کو متاثر کر سکے۔	بیان حلفی
10	اہلیت کے لیے ضروری ہے کہ مشاورتی فرم اور/ یا ٹیکنالوجی فراہم کنندہ نیشنل بینک آف پاکستان کو کسی بھی دوسری خدمات، سامان یا کام کی فراہمی میں ملوث نہ ہو جو نوعیت کے لحاظ سے یہاں بیان کردہ خدمات کے دائرہ کار کے ساتھ 'مفادات کے تصادم' کی صورت پیدا کر سکتا ہو۔	بیان حلفی
11	بولی دہندہ نے پچھلے 5 سالوں میں کم از کم ایک FI/DFI میں ایسی نوعیت کی خدمات سرانجام دی ہوں۔	اظہار دلچسپی کے ساتھ دیے گئے معاہدوں کی نقل فراہم کرنا لازمی ہے۔
12	بولی دہندہ کو ضروری ہے کہ وہ کمپنی کے سرکاری لیٹر ہیڈ پر ایک سی یقین دہانی جمع کرائے، جو مجاز نمائندے کے دستخط شدہ ہو، اور اس میں تمام اہلیت اور قابلیت کے معیار کی مکمل تعمیل کی تصدیق کی گئی ہو۔	بیان حلفی

4- اظہار دلچسپی جمع کرانے کے لئے رہنما اصول

الف۔ اگلے مرحلے کے لئے اہل قرار پانے کے لئے ضروری ہے کہ مشاورتی خدمات فراہم کرنے والا ادارہ یا ٹیکنالوجی فراہم کنندہ بالا بیان کردہ اہلیت اور قابلیت کے معیار پر پورا اترے۔

ب۔ وہ سروس پروائیڈرز جو متعین کردہ معیار پر پورا اترتے ہیں، ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنا ایکسپریشن آف انٹرسٹ ضروری دستاویزات کے ساتھ الیکٹرانک طور پر EPADS کے ذریعے جمع کرائیں) بشمول اس بات کی تصدیق کہ وہ مذکورہ معیار کی تعمیل کرتے ہیں جو مطلوبہ سروس کے لیے ان کی صلاحیت اور مہارت کو ظاہر کرتا ہے۔ دستی طور پر جمع کرانا اجازت نہیں ہے۔

ج۔ اظہار دلچسپی کے مطابق مرتب کردہ تجویز ای پی اے ڈی ایس پلیٹ فارم پر پی پی آر اے ویب سائٹ کے ذریعے 6 جنوری 2026 بروز منگل سہ پہر 3:00 بجے تک جمع کرائی جائے۔ تجویز اسی روز سہ پہر 3:30 بجے پروکیورمنٹ کمیٹی اور خواہش مند مشاورتی یا ٹیکنالوجی فراہم کنندہ اداروں کے نمائندگان کی موجودگی میں کھولی جائے گی۔

د۔ وہ ادارے جو بیان کردہ اہلیتی معیار کے مطابق شارٹ لسٹ ہوں گے، انہیں ٹیکنیکل اور فنانشل پروپوزل جمع کرانے کے لئے مدعو کیا جائے گا۔ سروس فراہم کنندہ کا انتخاب پی پی آر اے کے قواعد برائے مشاورتی خدمات 2021 کے ریگولیشن- 3(بی) کے مطابق کوالٹی اینڈ کاسٹ بیسڈ سلیکشن کے طریقہ کار کے تحت کیا جائے گا۔

ہ۔ نیشنل بینک آف پاکستان پی پی آر اے قواعد کے مطابق اس دعوت کو کسی بھی مرحلے پر منسوخ کرنے کا اختیار رکھتا ہے۔

ڈویژنل ہیڈ (اے)
پروکیورمنٹ ڈویژن
لاجسٹکس کمیونیکیشنز اینڈ مارکیٹنگ گروپ
نیشنل بینک آف پاکستان
تیسری منزل ہیڈ آفس بلڈنگ کراچی۔ فون 02138902435

NBP National Bank of Pakistan نیشنل بینک آف پاکستان

The Nation's Bank

38x4